نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب
21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں کپاس کی اگیتی کاشت میں نمایاں اضافہ

کپاس کی اگیتی کاشت کے مرحلہ کے اختتام پر 8 لاکھ سے زائد رقبہ پر کاشت مکمل۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:08اپریل2025: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ رواں سیزن کپاس کی اگیتی کاشت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے وزیر اعلیٰ پنجاب نے 25 ہزار روپے کا خصوصی پیکج دیا۔ محکمہ زراعت پنجاب کے تحت اگیتی کپاس کی کاشت کے لئے 6 ڈویژنز میں بروقت آگاہی مہم چلائی گئی جس کے نتیجہ میں کپاس کی اگیتی کاشت 8 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر مکمل ہوئی جو گزشتہ سال کے کاشتہ رقبہ سے دوگنا سے بھی زیادہ ہے۔ کپاس کی اگیتی کاشت کی مہم کے دوران دھان کی اگیتی کاشت کی حوصلہ شکنی سے بھی مثبت نتائج برآمد ہوئے۔ اگیتی کپاس کاشت کرنے والے تمام کاشتکاروں کو رجسٹرڈ کر کے اُن کا پورا ریکارڈ مرتب کیا جا چکا ہے جس کی غیر جانبدار ذرائع سے جیوگرافکل انفارمیشن سسٹم (GIS) کے ذریعے توثیق کرائی گئی ہے۔ کپاس کی اگیتی کاشت کی مہم کے دوران محکمہ زراعت توسیع ونگ کے فیلڈ عملہ نے 2 لاکھ 66 ہزار کاشتکاروں سے فرداً فرداً رابطہ کیا اور 1 لاکھ 80 ہزار کاشتکاروں کو رجسٹرڈ بھی کیا۔ ان میں سے 1 لاکھ 45 ہزار کاشتکار ایسے ہیں جنھوں نے عملی طور پر اگیتی کپاس کاشت کی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ کپاس کی اگیتی کاشت کے دوران صرف ٹرپل جین اقسام کی کاشت کرائی گئی۔ موجودہ موسمیاتی تبدیلیوں کے تناظر میں کلائمیٹ سمارٹ اقسام کی دریافت پر پیش رفت جاری ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کی کاشت کا دوسرا مرحلہ جاری ہے۔ کپاس کی کاشت کیلئے فیلڈ فارمیشنز نے عملی سرگرمیاں تیز کر دی ہیں۔ کپاس کی کاشت کے سلسلہ میں یہ سب سے اہم مرحلہ ہے جو کہ 30 اپریل تک جاری رہے گی۔ کپاس کی کاشت کا تیسرا مرحلہ یکم تا 25 مئی تک ہو گا۔

☆☆☆☆